Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۳ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۷ اپریل ۱۹۳۵ء جلد ۲۶

حصہ دوئم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۲	۵	نقشہ فہرست مقدمات عدالت العالیہ اپیل کورٹ	۶ تا ۹
۱	احکام اجلاس صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر	۳	۶	احکام اجلاس صاحب چیف جسٹس بہادر	۱۰
۳	حکم اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر	۴	۷	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۱۰ تا ۱۲
۴	احکام اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر	۴/۵	۸	نقشہ اجلاس	۱۲

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس حضور صاحب ریونیو منسٹر بہادر

بحالی

مثبتہ تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر جس میں ظاہر ہے کہ منور علیخاں ضلعدار موضع راجہ رامپور تحصیل حضور بلا منظوری کاشتکاران سے آراضیات نکالکر دوسرے کاشتکاران کو دینے کے قصور میں معطل ہے چونکہ نامبردہ کی بدنیتی ثابت نہیں ہے اسلئے سزائے معطلی کافی ہے۔ اب نامبردہ کو بحال فرماکر کسی دوسری جگہ تعینات فرما دیا جائے۔ تبادلہ کا انتظام ناظم صاحب کرینگے۔ زمانہ معطلی کی تنخواہ نہیں دیجائیگی اور جو شخص اسکی جگہ کام کر رہا ہے۔ وہ واپس کر دیا جائے۔

حکم

رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منظور ہے کاغذ واپس ہوں۔ ۲ر اپریل ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

بنا برا جرائے احکام ناظم صاحب کی خدمت میں مرسل ہو۔

۹ر اپریل ۱۹۳۵ء دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب ضابطہ صدر سے احکام جاری ہوں ۱۸ر اپریل ۱۹۳۵ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

جرمانہ

۱۸ر اپریل ۳۵ء

مثبتہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی جس میں ظاہر ہے کہ چمن پرشاد سیاہہ نویس تحصیل بلاسپور کے متعلقہ رجسٹر ضمیمہ دوم سے ۲۶ر فروری ۱۹۳۵ء کا ورق نکل گیا۔ اسمیں سیاہہ نویس کی غفلت ضرور ہے اور چونکہ سے بلا اجازت کار سرکار کیا جا رہا ہے۔ ہدایت کی ضرورت ہے کہ جبتک وہ باضابطہ امیدوار نہو سرکاری کام اوس سے نہ لیا جائے۔ میرے نزدیک سیاہہ نویس کا تدارک ضروری ہے۔

حکم

رپورٹ ناظم صاحب بہادر ملاحظہ ہوئی۔ باتفاق رائے ناظم صاحب بہادر سیاہہ نویس پر آٹھ آنہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ آیندہ اس پرشش سے کام نہ لیا جائے۔ دفتر سرکاری میں ایسے اشخاص کو جنکو اجازت نہو یا نوکر نہوں تنہا ان سے کام لینا ٹھیک نہیں ہے تحصیلدار صاحبان بھی آیندہ احتیاط رکھیں کہ غیر ملازم دفتر میں نشست برخاست وغیرہ نہ رکھیں نہ ان سے کام لیا جائے۔ بغرض اجرائے احکام واپس ہو۔

دستخط خاص صاحب ریونیو منسٹر بہادر

بمنشاء حکم اجلاس عالی احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۲ر اپریل ۱۹۳۵ء دستخط ناظم صاحب حلقہ شمالی

جرمانہ

سید اختر حسین نائب تحصیلدار ملک کا کیرکٹر رول بابت منشی محمود حسن قانونگو حضور تحصیل کی شرح بکلے محمد نور خان اہلمد نظامت جنوبی کے پاس سے گم ہوگئیں۔ کاغذات سرکاری کی گمشدگی بڑا معاملہ ہے اور محمد نور خاں سخت تدارک کے قابل ہے۔ لہذا اسپر ایک ماہ کی تنخواہ جرمانہ کیجاتی ہے آیندہ اس قسم کی حرکت پر زیادہ سخت سزا دیجائیگی

حکم ہوا کہ

بنا برا جرائے احکام مسل بکار نظامت بخدمت ناظم صاحب مرسل ہو۔

۳۰ر مارچ ۳۵ء دستخط خاص صاحب ریونیو منسٹر بہادر

صدر سے احکام جاری ہوں

۱۷ر اپریل ۱۹۳۵ء دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

احکام اجلاس جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر

بحالی

(مورخہ ۱۰ اپریل ۱۹۳۵ء)

منشی وزیر احمد ہیڈ نقشہ نویس صیغہ تعمیرات کو صاحب چیف انجینیر بہادر نے افسران متعلق کی عدول حکمی کے قصور میں ۱۳ فروری ۱۹۳۵ء کو معطل کرکے کاغذات بغرض حصول منظوری ضابطہ اجلاس ہذا میں ارسال کئے تھے۔ چنانچہ ۲ مارچ ۱۹۳۵ء کو حسب تحریر صاحب چیف انجینیر بہادر ہیڈ نقشہ نویس کو تا حکم ثانی معطل کر دیا گیا تھا

ہیڈ نقشہ نویس نے ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء کو درخواست معافی پیش کی ہے اور صاحب چیف انجینیر بہادر معافی قصور بحالی اور ایام معطلی کی تنخواہ دیے جانے کی سفارش کرتے ہیں۔

لہذا ہیڈ نقشہ نویس کو بحال کیا جاتا ہے اور چونکہ وہ ۱۳ فروری ۱۹۳۵ء کو غیر حاضر رہا ہے۔ لہذا اس تاریخ کو وضع کرکے ماباقی ایام معطلی کی تنخواہ دیے جانے کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

(دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

رخصت

۲۲ اپریل ۱۹۳۵ء

منسلکہ تحریر صاحب چیف انجینیر بہادر مع تحریر انجینیر صاحب روشنی برقی دربارہ منظوری رخصت علالتی دس یوم مسمی بہادر شاہ خان وائرمین ملازم بجلی گھر از ۲۴ مارچ ۱۹۳۵ء بوجہ علالت نامبردہ مشمول رخصت اتفاقیہ چار یوم منظور شدہ از ۲۴ مارچ ۱۹۳۵ء

حکم

حسب تحریر صاحب چیف انجینیر بہادر و تصدیق [illegible] صاحب رخصت علالتی دس یوم ۲۴ مارچ ۱۹۳۵ء لغایت ۲ اپریل ۱۹۳۵ء بہادر شاہ خان وائرمین بجلی گھر شاہرہ [illegible] تنخواہ [illegible] روپیہ ماہوار کی منظوری دیجاتی ہے۔ رخصت اتفاقیہ ۲۴ لغایت ۲۷ مارچ ۱۹۳۵ء کینسل کیجائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

رخصت

مورخہ ۱۴ر اپریل ۳۵ء

ثبتہ تحریر صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ دربارۂ منظوری رخصت رعایتی دس یوم مطلوبہ مسمی صباحت اللہ خاں انگلش کلرک موٹر گراج شاہرہ دار بیس روپیہ از ۲۵ر اپریل لغایت ۴ر مئی ۱۹۳۵ء بغرض روانگی کانپور بضرورت نکاح بذمہ داری مسمی فصاحت اللہ خاں پیشکار

موٹر گراج

حکم

حسب تحریر صاحب کنٹرولر بہادر و تصدیق استحقاق صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل، رخصت رعایتی دس یوم جناب صباحت اللہ خاں انگلش کلرک موٹر گراج بذمہ داری فصاحت اللہ پیشکار منظور ہے سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر

تقرر

۱۷ اپریل ۱۹۳۵ء

بثبت رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بدیں خلاصہ کہ مسماۃ افسری بیگم ساکن بلاسپور کا تقرر بطور ہیڈ ٹیچریس مدرسہ نسواں تحصیل بلاسپور بمشاہرہ گیارہ روپیہ ماہوار و مسماۃ دروپدی دیوی ساکن بلاسپور کا تقرر بطور ہندی ٹیچریس بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار امتحاناً برائے تین ماہ مدرسہ نسواں تحصیل بلاسپور میں منظور فرمایا جائے مدرسہ ہذا کی مڈل ٹرینڈ معلمہ کی تنخواہ کے للعہ روپیہ رکھے گئے ہیں اس انتظام سے چار روپیہ کی بچت رہیگی۔

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسماۃ افسری بیگم سکنہ بلاسپور کا تقرر بعہدہ ہیڈ ٹیچریس گیارہ روپیہ ماہوار پر اور مسماۃ دروپدی دیوی سکنہ بلاسپور کا تقرر دس روپیہ ماہوار پر منظور ہے۔ اس انتظام میں چار روپیہ ماہوار کی بچت ہوتی ہے سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۲ اپریل ۱۹۳۵ء

بثبت درخواست سید احمد علی مدرس مصدقہ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ منظوری رخصت چار یوم

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سید احمد علی مدرس اول مدرسہ گھیر سکٹے باز خاں کی رخصت چار یوم از ۲۷ اپریل تا ۳۰ اپریل ۳۵ء بعوض سید مرتضیٰ علی منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۳ اپریل ۱۹۳۵ء

بثبت تحریر ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت رعایتی چودہ یوم بصورت خاص چوبے ہنگو اداس معاون اہلمد صدر بمشاہرہ للعہ ماہوار از ۱۷ اپریل لغایت ۳۰ اپریل ۳۵ء۔

حکم

حسب سفارش ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر و تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس چوبے ہنگو اداس معاون اہلمد صدر تنخواہی للعہ چودہ روپیہ ماہوار کی رخصت رعایتی چودہ یوم از ۱۷ اپریل ۳۵ء بصورت خاص منظور کیجاتی ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۵ اپریل ۱۹۳۵ء

بثبت رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ

منظوری رخصت ۲۰ یوم سید اسد علی مدرس
بعوض حافظ مقصود احمد خاں۔

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس وتصدیق
اکاؤنٹ آفس سید اسد علی مدرس قرآن شریف مدرسہ
گھیر کٹے باز خاں کی رخصت علالت ۲۰ یوم از ۱۰ اپریل
تا ۹ مئی ۱۹۳۵ء بوضع نصف تنخواہ بعوض حافظ مقصود احمد
خاں منظور ہے بقیہ نصف تنخواہ عوض کو ملیگی سررشتہ صدر سے
احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم ممبر بہادر

معافی جرمانہ

۲۵ر اپریل ۱۹۳۵ء

چھیدالال سابق مدرس پرم پر بقصور عدم پابندی اوقات
ایک روپیہ جرمانہ ہوا ہے۔ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس
سے واضح ہوا کہ نامبردہ ڈاک رسانی کا انتظام نہونے کے
باعث خود کاغذات تحصیل ملک میں پہونچایا کرتا تھا اس وجہ سے
بعض مرتبہ نامبردہ کو قبل از وقت مدرسہ چھوڑنا پڑتا تھا
لہذا چھیدالال مدرس کا جرمانہ ایک روپیہ معاف کیا جاتا
ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم ممبر بہادر

عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

واقع ۲۵ اپریل ۱۹۳۵ء

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتدائے ۱۹ اپریل ۱۹۳۵ء لغایت ۲۵ اپریل ۱۹۳۵ء ہوئی منسلکہ برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۹ اپریل ۱۹۳۵ء	جمعہ	...	....	.....	تعطیل جمعہ
۲۰ اپریل ۱۹۳۵ء	شنبہ	جناب صاحب چیف جسٹس بہادر	اشفاق الرحمٰن خاں وغیرہ بنام یوسف علی	اپیل دیوانی دعویٰ [illegible]	برائے سماعت ۲۷ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	رام کشن داس بنام لڈن خاں	نگرانی دیوانی دعویٰ [illegible]	نگرانی نامنظور ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر ذریعہ چھوٹے بنام صوبیدار وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۲۹۵ ت	ملزمان بعدم ثبوت جرم دفعہ ۲۹۵ ت بری کئے گئے
"	"	"	سرکار بہادر ذریعہ موہن بنام گوکل وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۲۹۵ ت	ثبوت پیش کرنیکے واسطے ۱۵ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	مسماۃ فیاضی بیگم بنام ظہور الحسن	اپیل دیوانی دعویٰ فسخ نکاح	برائے سماعت بحث ۲۲ اپریل سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	موہن لال بنام گنگا پرشاد وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعویٰ [illegible]	برائے اظہار فریق ثالثی ۲۰ اپریل سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر ذریعہ محمد علی خاں بنام عبد اللطیف	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۷ ت	ملزم با ثبوت جرم دفعہ ۳۰۷ ت نو ماہ قید سخت کا سزایاب ہوا
۲۱ اپریل ۱۹۳۵ء	یکشنبہ	جناب صاحب چیف جسٹس بہادر	نواب [illegible] بنام [illegible] وغیرہ	اپیل دیوانی دعویٰ رخصت زوجہ	برائے بحث ۲۲ اپریل سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	دولہ وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ [illegible] ت	برائے سماعت ۲۳ اپریل سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	مقبول احمد وغیرہ بنام نظام بیگم وغیرہ	نگرانی دیوانی دعویٰ تقسیم مکان	برائے سماعت ۷ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	رتن لال بنام مدن موہن	نگرانی خفیفہ دعویٰ [illegible] زر کرایہ	نگرانی منظور ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	عصمت آرا بیگم بنام شیخ مظفر حسین	ابتدائی دیوانی دعویٰ استقرار انفساخ نکاح	شہادت مدعیہ پیش کرنیکے واسطے ۵ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	بہاری لال بنام مراری لال	ابتدائی دیوانی دعویٰ [illegible]	برائے اظہار ثالث مدعا علیہ ۲۹ اپریل سنہ حال مقرر ہوئی

"	"	"	پیارےخان بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت	برائے سماعت ۲۰ اپریل سنہ حال مقرر ہوئی
۲۲ اپریل ۳۵ء	دوشنبہ	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	نورجہان وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۲۲ ت	زیر تجویز
"	"	"	تہان سنگھ وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۶۵ ت	اپیل منظور ہوا اور تجویز عدالت ماتحت بحال ہوئی اور زیر دفعہ ۳۶۵ ت جو سزا دی گئی ہے وہ کافی متصور ہوکر ملزمان رہا کئے گئے۔
"	"	"	نواب زادہ رشید علیخان بنام پیارےخان وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی رخصت زوجہ	زیر تجویز
"	"	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر و مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب بہادر	امجد علیخان بنام مصطفےٰ حسین خان	اپیل مال دعوی لمطالبہ ۱۴۳۱ (؟)	برائے سماعت ۶ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب بہادر	نواب علیخان بنام اختر بیگم	اپیل دیوانی دعوی فسخ نکاح	زیر تجویز
۲۳ اپریل ۳۵ء	سہ شنبہ	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	غلام علی بنام خیرات اللہ	درخواست اپیل ثانی	برائے سماعت ۶ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	مناخاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۲ ت	برائے سماعت ۲۷ اپریل حال مقرر ہوئی
"	"	"	دولہ وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت	برائے سماعت ۲۷ اپریل حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب بہادر	چمن لال بنام فقیر چند	ابتدائی دیوانی دعوی استقرار حق	برائے سماعت ۲۵ اپریل حال مقرر ہوئی
"	"	"	سراج فخری بیگم بنام ظہور الحسن	اپیل دیوانی دعوی فسخ نکاح	برائے سماعت ۳۰ اپریل حال مقرر ہوئی
۲۳ اپریل ۳۵ء	سہ شنبہ	"	پیارےخان بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۵۱۱ / ۳۷۶ ت	برائے سماعت ۲۸ اپریل حال مقرر ہوئی
"	"	"	بابورام بنام رام کشن	ابتدائی دیوانی دعوی بمد مالیت	دعوی مدعی ڈگری ہوا
"	"	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر و مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب بہادر	امجد علی خاں بنام مصطفےٰ حسین خان	اپیل دیوانی دعوے انعام	برائے سماعت ۶ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
۲۴ اپریل ۳۵ء	چہارشنبہ	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	ایشیاٹک کمپنی بنام مرزا محمد علی بیگ	اپیل دیوانی دعوے ادائے زر	برائے سماعت ۶ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	مناخاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۲ ت	زیر تجویز
"	"	"	دولہ وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت وغیرہ / ۱۴۸	برائے سماعت ۶ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر ذریعہ اسٹیٹ ایڈووکیٹ بنام انوار حسین	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۰۲ ت	زیر تجویز

[illegible]	[illegible]	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر ذریعہ مشو بنام حمید وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۳ ۳۶۶ ت	بقیہ ثبوت پیش کرنے کیواسطے ۱۰ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	مساۃ امیر زادی بنام محمود علیخاں وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تخلیہ مکان	برائے سماعت ۸ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	مساۃ امجدی بیگم وغیرہ بنام مساۃ بھگوتی بی بی	اپیل دیوانی دعوی دخل آراضی	برائے سماعت بقیہ بحث ۲۵ اپریل سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	نبی لال بنام نیاز احمد	اپیل دیوانی دعوی بابت ...	برائے سماعت ۸ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	رضا شوگر کمپنی بنام محمد فضل شاہ خاں	نگرانی دیوانی دعوے ...	برائے سماعت ۷ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
۲۵ اپریل	پنجشنبہ	جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	بسورا وغیرہ بنام موہنچند	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۹ ت	زیر پیشی
〃	〃	〃	اسٹیٹ ایڈوکیٹ بنام دولہ وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۵۷ ت	زیر پیشی
〃	〃	〃	عظمت اللہ خاں بنام حشمت اللہ خاں	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۵۴ ت	زیر پیشی
〃	〃	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	مساۃ امجدی بیگم بنام مساۃ بھگوتی بی بی	اپیل دیوانی دعوے دخل آراضی	زیر پیشی
〃	〃	〃	سید باشاشیان بنام سید احمد علی	اپیل دیوانی دعوی کرایہ مکان	زیر پیشی
〃	〃	〃	شا بنام مساۃ ننھو	اپیل دیوانی نسبت نامنظوری درخواست دیوالیہ	زیر پیشی
〃	〃	〃	پنی بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۲۱ ت	زیر پیشی
〃	〃	〃	چنامل بنام فقیر چند	ابتدائی دیوانی دعوے استقرار حق	زیر پیشی
〃	〃	جناب صاحب چیف جسٹس بہادر و مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب	رانی کنور وغیرہ بنام سوہن لال وغیرہ	اپیل دیوانی دعوے دخلیابی حقیت	اپیل جزئاً منظور ہوا

دستخط اسکندر [illegible] عدالت العالیہ ہائی کورٹ

احکام اجلاس صاحب چیف جسٹس بہادر

اخراج اسم

[illegible] اپریل ۱۹۳۵ء

مثل درخواست سماۃ شوکت جہان بیگم بنت صاحبزادہ سید سعادت یار خاں صاحب بہادر دربارہ صدور حکم اخراج نام مسمی عبدالحی خاں مختار عام مع تصدیق جناب جسٹس صاحب صدر مورخہ ۱۷ اپریل ۱۹۳۵ء

حکم

رجسٹرار صاحب صدر نے درخواست گذارندہ کی تصدیق کر لی ہے کہ سماۃ شوکت جہان بیگم بنت صاحبزادہ سعادت یار خاں نے عبدالحی خاں اپنے مختار عام کو مختاری سے علیحدہ کر دیا ہے نقل حکم بنا بر اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو کر کاغذات داخل دفتر ہوں۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

رخصت

۱۳ اپریل ۱۹۳۵ء

مثل رپورٹ ناظم صاحب کتب خانہ دربارہ منظوری رخصت ایک ماہ رعایتی مرزا احمد حسن خوشنویس کتب خانہ مشاہرہ دار ماہوار از یوم استفادہ مع تصدیق جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب

حکم

بنا بر سفارش ناظم صاحب کتب خانہ و تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس مرزا احمد حسن خوشنویس مشاہرہ یاب ماہوار کو ایک ماہ کی رخصت رعایتی از یوم استفادہ منظور ہے بغرض اجرا دفتر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

احکام اجلاس صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر

منسوخی رخصت

۱۲ اپریل ۱۹۳۵ء

مثل درخواست محمد اظہر یار خاں کلرک شفاخانہ صدر دربارہ منسوخی رخصت رعایتی ایک ماہ۔

حکم

درخواست محمد اظہر یار خاں کلرک ملاحظہ ہوئی۔ نامبردہ کی رخصت منظور شدہ ایک ماہ جو کہ ۱۹ دسمبر ۱۹۳۴ء کو منظور ہوئی تھی منسوخ کی جاتی ہے۔ کیونکہ کلرک مذکور نے اس رخصت سے فائدہ حاصل نہیں کیا ہے۔ بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر

رخصت

۱۲ اپریل ۱۹۳۵ء

مثل درخواست محمد کبیر خاں اہلمد شفاخانہ صدر دربارہ عطائے رخصت رعایتی دس یوم من ابتدائے ۲۲ اپریل لغایت ۱ مئی ۱۹۳۵ء مشاہرہ دار ماہوار صدر مع تصدیق جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب

حکم

محمد کبیر خاں اہلمد محکمہ ہذا کو رخصت رعایتی دس یوم کا حق حاصل ہے اکاؤنٹنٹ آفس سے بھی استحقاق رخصت کی تصدیق ہو گئی لہذا محمد کبیر خاں اہلمد کی رخصت رعایتی دس یوم ۲۲ ماہ حال سے منظور ہے ایام رخصت میں محمد اظہر یار خاں کلرک رخصتی کے کام کے ذمہ دار رہینگے۔ بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر

حکم اجلاس صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ

جرمانہ

۱۲ اپریل ۱۹۳۵ء

مثبتہ تحریر صاحب انچارج سپرنٹنڈنٹ موٹر گیراج پیش ملاحظہ کہ ۱۳ مارچ ۱۹۳۵ء کو ڈیلی رجسٹر کے جانچ کرنے سے موبل آئل کی بیشی پائی گئی۔ اور بار بار ہدایت کیجا رہی ہے کہ رجسٹر چیلانہ جایا کرے لیکن حکم کی تعمیل نہیں کیجاتی۔ اسلئے محمد احمد ٹائم کلرک مشاہرہ دار دس روپیہ پر موازی چار آنہ جرمانہ کا حکم صادر فرمایا جائے۔

حکم

حسب رپورٹ انچارج صاحب گیراج جرمانہ چار آنہ کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ

حکم اجلاس جناب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ اپریل ۱۹۳۵ء

مثل درخواست شب کمار پیڈ اپرنٹس ریونیو آفس شاہرہ ۰۰ از منہ رابطہ عطاء رخصت رعایتی ۳۰ یوم از ۱۵ اپریل ۱۹۳۵ء معہ تذکرہ اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب

حکم

صرف ۱۵ یوم کی رخصت رعایتی منظور کیجاتی ہے احکام جاری ہوں۔

(دستخط جناب ریونیو سکریٹری بہادر)

حکم دفتر ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر

رخصت

۲۲ اپریل ۱۹۳۵ء

مثل درخواست سید شرف الدین احمد محافظ خانہ در بارہ عطائے رخصت ۲۰ یوم رعایتی بغرض علاج اہلیہ از ۲۷ اپریل ۱۹۳۵ء معہ تذکرہ جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب۔

حکم

سید شرف الدین احمد شاہرہ ۰۰ ار للعہ ر کی رخصت رعایتی ۲۰ یوم از ۲۷ اپریل ۱۹۳۵ء بذمہ داری نام سید محمد علی احمد منظور کیجاتی ہے۔ نامبردہ کو بموجب تحریر جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب استحقاق رخصت رعایتی حاصل ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر)